سوال

(58)ڈیوٹی انجام دیتے ہوئے جمعہ چھوڑنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ڈیوٹی انجام دیتے ہوئے اگر ایک یا اس سے زائد بار جمعہ کی نماز چھوٹ جائے تو اس کا کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شریعت نے بغیر کسی عذر کے لگاتار تین بار جمعہ چھوڑنے سے منع کیا ہے اور اس پر سخت وعید آئی ہے ۔ البتہ اگر کوئی شرعی عذر ہو مثلاً یہ کہ جمعہ کی نماز کے وقت آپریشن میں مشغول ہو جانا تو ایسی صورت میں جمعہ کی نماز کے بجائے ظہر ادا کر لینی چاہیے ۔ تاہم ہمیشہ کوشش اس بات کی ہو کہ جمعہ کی نماز چھوٹنے نہ پائے ۔ بات نماز پڑھنے والے کی نیت پر موقوف ہے کہ اسے واقعی شرعی عذر لاحق ہے یا نہیں ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی یوسف القرضاوی

طبی مسائل، جلد: 2، صفحہ: 277

محدث فتویٰ